## پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ،سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

05نومبر2015

# ریزروبینک نے ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر نگری سہکاری بینک مریادت، اورنگ آباد مہاراشٹر کو جاری پابندی میں 3فروری2016 تک توسیع کردی

ریزروبینک آف انڈیا نے ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر نگری سہکاری بینک/ یادت، اورنگ آباد کو جاری پابندی میں مزید 3ماہ کیلئے24 نومبر2015 سے3فروری2016 تک نظر ثانی کی شرط کے ساتھ توسیع کردی ہے بینک مئی2012 سے پابندی کی ہدایت میں تھی۔اس سے پہلے اس پابندیوں کو چھ چھ ماہ کیلئے چھ مرتبہ توسیع کی جاچکی ہے۔

ان پابندیوں کو ریزروبینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35اے کے سب سیکشن(1) میں درج اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے لگایا تھا۔

ریزروبینک کے ذریعہ عائد کردہ پابندی کا مطلب ریزروبینک کے ذریعہ اسکا بینکنگ لائسنس منسوخ کرنا نہیں ہے۔ بینک اپنی بینکنگ سرگرمیوں کو کچھ رکاوٹوں کے ساتھ جاری رکھ سکیگی جب تک کہ اسکی مالی حالت میں استحکام نہیں آجاتا۔ ریزروبینک ان پابندیوں میں حالات کے مطابق کچھ ترمیمات پر بھی غور کرسکتی ہے۔

آپ کا مخلص
**اجیت پرساد**
اسسٹنٹ جنرل منیجر

**پریس ریلیز** 1090/2015-2016